PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: "معاشرتی رویے"

## "کھانے اور پکانے کی عادات"


## ملازمت پیشہ افراد میں سے ایک چوتھائی پاکستانیوں کا دعویٰ ہے کہ وہ اپنے کام یا ملازمت کی جگہ پر کھانا گھر سے لے کر جاتے ہیں، 39% افراد کا کہنا ہے کہ وہ کام کی جگہ سے ہی کچھ لے لیتے ہیں: گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن، گیلپ پاکستان

اسلام آباد، 22 فروری، 2017

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ملازمت پیشہ افراد میں سے ایک چوتھائی پاکستانیوں کا دعویٰ ہے کہ وہ اپنے کام یا ملازمت کی جگہ پر کھانا گھر سے لے کر جاتے ہیں، 39% افراد کا کہنا ہے کہ وہ کام کی جگہ سے ہی کچھ لے لیتے ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب ملازمت پیشہ مرد و خواتین سے یہ سوال پوچھا گیا کہ، "**اگر آپ ملازمت یا کام کے لیے کہیں جاتے ہیں تو آپ کھانے کے اوقات میں کھانے کے لیے کیا کرتے ہیں ؟**"، اس سوال کے جواب میں، 25% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ وہ اپنے کام یا ملازمت کی جگہ پر گھر سے کھانا لے کر جاتے ہیں، 39% افراد کا کہنا ہے کہ وہ کام کی جگہ سے ہی کچھ لے لیتے ہیں، جبکہ 36% افراد کا کہنا ہے کہ وہ گھر جا کر ہی کھانا کھاتے ہیں۔

"اگر آپ ملازمت یا کام کےلیے کہیں جاتے ہیں تو آپ کھانے کے اوقات میں کھانے کے لیے کیا کرتے ہیں؟"




*Source: Gilani Research Foundation Poll (GRF Poll)*
*Field work conducted by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر بلال گیلانی کا کہنا ہے کہ '' ملک گیر مطالعے کے نتائج نئی ابھرتی ہوئی سروسز'' **دفتری لنچ مصنوعات**'' جن کو ملک کے بڑے شہروں میں نئے قائم شدہ کمپنیوں کی جانب سے پیش کیا جارہا ہے کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے انتہائی اہم ہے۔ تقریباً نصف ملازمت پیشہ افراد جو کھانا کام کی جگہ سے خریدتے ہیں اگر ان کی جانب سے اچھا کھانا پیش کیا جائے تو وہ ملازمین ان کے خریدار بن جائیں گے۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی اور شہری آبادی کے 853 مرد و خواتین سے 5 دسمبر تا 12 دسمبر 2016 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday February 22, 2017**

*(2 Pages including this only Urdu version)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2017

celebrating 37 years
of Gallup Pakistan
(1980-2017)